DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

## اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 14-09-2022

| خبر | اخبارات |
| --- | --- |
| 1۔ لیویز کی بہترین کارکردگی سے امن وامان بہتر ہو رہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔ آئین تمام اقلیتوں کی مذہبی آزادی کا ضامن ہے، گورنر جان جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔ پنجاب حکومت بلوچستان کو ساڑھے 6لاکھ بوری گندم فراہ کرے گی، صوبائی وزیر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔ معدنیات کے شعبہ کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، مبین خلجی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔ چائنا کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے ایک ہزار راشن پیکٹس گورنر بلوچستان کے حوالے | جنگ دیگر اخبارات |
| 6۔ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا ازالہ کر کے دم لینگے، محمد خان لہڑی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 7۔ لاپتہ شہری آج بازیاب نہ ہوا تو ایجنسیز کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہوگی، اسلام آباد ہائی کورٹ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 8۔ متاثرین کو امدادی سامان کی فراہمی یقینی بنائی جائے، بلوچستان ہائیکورٹ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 9۔ اقلیتوں کی سماجی ومعاشی ترقی کیلئے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، چیف سیکرٹری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 10۔ صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے | مشرق ودیگر اخبارات |
| 11۔ پاک افغان تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، افغان وزیر تجارت | مشرق ودیگر اخبارات |
| 12۔ برطانیہ سے آٹے کی امداد آئی ہی نہیں، این ڈی ایم اے | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13۔ بی ایف اے کی اختر محمد روڈ پر کارروائی ایکسپائری تاریخیں مٹا کر فروخت وسپلائی کرنے والا ڈسٹری بیوشن یونٹ پکڑلیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14۔ پاک فوج ایف سی نے گوٹھ سخی در محمد کھوسہ کے قریب خیمہ بستی قائم کردی | 92ودیگر اخبارات |
| 15۔ گرین بس سروس جلد شروع کریں گے، سیکرٹری پی ٹی اے | 92ودیگر اخبارات |
| 16۔ بلوچستان میں سیلاب سے مزید 3اموات 2200 کلومیٹر شاہراہوں کو نقصان پہنچا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17۔ آرمی اور ایف سی نے 83 فری میڈیکل کیمپس لگائے، آئی ایس پی آر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18۔ ڈاکٹر مالک کی وزیراعظم سے ملاقات لاپتہ افراد ودیگر مسائل پر گفتگو | جنگ ودیگر اخبارات |

### امن وامان

پسنی تاجر مراد جان کے اغواء کے خلاف شہریوں نے مکران کوسٹل ہائی وے بند کردیا، حب سرکاری افسران کے نام پر فون پر پیسہ بٹورنے والا گروہ سرگرم ،حب مسافر بسوں کو لوٹنے والے دو افراد گرفتار، حب ندی سے ایک شخص نعش برآمد، اے ٹی ایم سے فراڈ کے ذریعے پیسے اور کارڈ نکالنے والا گروپ گرفتار

### عوامی مسائل

قلات شہر وگردنواح میں سیلاب کے باعث پھل اور سبزیاں سڑنے لگیں، اوستہ محمد کے باسیوں پر قدرتی آفت کے بعد گرانفروشوں کا عذاب نازل، بلوچستان سیلاب متاثرین کی بحالی شروع نہ ہوسکی صحبت پور میں مظاہرہ دھرنا، پشین پائپ لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار عوام گندا پانی پینے پر مجبور

مورخہ 14-09-2022

**اداریہ**

روزنامہ باخبر نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان میں آٹے اور گندم کا بڑھتا بحران** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ملک کے دیگر علاقوں کی طرح بلوچستان میں بھی آٹے کا بحران شدت سے سر اٹھا رہا ہے سیلاب کی صورتحال میں ذخیرہ اندوز مافیا پوری طرح سرگرم ہے اور آٹا تو دستیاب نہیں یا پھر بہت مہنگے داموں فروخت کیا جا رہا ہے حکومتی مشینری ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں سے نمٹنے میں ناکام نظر آتی ہے صوبے میں گندم کی قلت پیدا ہو چکی ہے اور اطلاعات کے مطابق بلوچستان حکومت نے وفاق سے ستر ہزار ٹن گندم فراہم کرنے کی درخواست کر دی ہے جس پر تا حال کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا ہے صوبے میں گندم بحران اور قلت پر قابو پانا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے اس کے ساتھ ذخیرہ اندوزی اور منافع خوروں سے نمٹنے کی ذمہ داری بھی اسی پر عائد ہوتی ہے سیلاب کی تباہ کاریاں اور عوام کی مجبوریوں سے فائدہ اٹھانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف سختی سے نمٹنے کیلئے قانون کا آہنی ہاتھ بھی فوری طور پر حرکت میں آنا چاہئے۔

**اداریہ**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**گندم اور آٹے کی قلت کا مسئلہ سنجیدگی سے دیکھنے کی ضرورت** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں سیلاب متاثرین کی شکایات کا ازالہ کیا جائے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Child abuse: Ashameful act "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**بلوچ قوم پرست جماعتوں کے رہنماوں کی سیاسی اتحاد کیلئے کوششیں** "کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 14 SEP 2022 Page No. 1


## لیویز کی بہترین کارکردگی سے امن وامان بہتر ہورہا ہے، قدوس بزنجو

### وزیراعلیٰ کا مولہ خضدار میں اغواء کاروں کی گرفتاری اور مغویوں کی بازیابی پر اظہار اطمینان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے خضدار لیویز کی جانب سے مولہ کے پہاڑوں میں کامیاب سرچ آپریشن میں اغواء کاروں کی گرفتاری اور مغویوں کی باحفاظت بازیابی پر مسرت کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے ڈی سی میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی کی سربراہی میں کارروائی میں حصہ لینے لیویز کے جوانوں کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم اور ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس قادر بخش پرکانی کی جانب سے تعریفی اسناد اور انعام کے اعلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے وسیع رقبے کی سیکورٹی لیویز کے پاس ہے لیویز کی بہترین کارکردگی سے اس صوبے میں امن وامان کی صورت حال بہتر ہوا اور عوام کا لیویز پر اعتماد مزید پختہ ہوا ہے واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر خضدار میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کبزئی کی سربراہی میں لیویز فورس نے مولہ کے پہاڑوں میں کامیاب سرچ آپریشن کے بعد پنجاب سے اغوا ہونے والی لڑکیوں کو کامیابی سے بازیاب کراتے ہوئے اغوا کاروں کو گرفتار کیا تھا کارروائی کے دوران ایک لیویز اہلکار کو سانپ نے بھی ڈسا جس کا علاج کراچی میں جاری ہے۔

## وزیراعلیٰ نے چلڈرن وارڈ سول اسپتال واقعہ کی ابتدائی رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے چلڈرن وارڈ سول اسپتال کوئٹہ میں رونما ہونے والے ناخوشگوار واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے واقعہ کی ابتدائی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اسپتالوں میں ایسے واقعات جن سے مریض براہ راست متاثر ہوں قطعی قابل برداشت نہیں، وزیراعلیٰ نے سیکرٹری صحت کو واقعہ کی انکوائری کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ واقعہ کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 14 SEP 2022 Page No. 3

Bullet No. 1


# سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا ازالہ کر کے دم لینگے، محمد خان لہڑی

## نصیر آباد سمیت بلوچستان بھر کے متاثرین کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے عملی بنیادوں پر کام جاری ہے

### محکمہ اریگیشن پٹ فیڈر سمیت دیگر نہروں کی صفائی ٹوٹ پھوٹ کناروں کی مرمت کر رہا ہے، صحافیوں سے گفتگو

اوستہ محمد (اے این این) صوبائی وزیر اریگیشن حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان سمیت پورے نصیر آباد ڈویژن کے سیلاب متاثرین کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات اٹھا رہے ہیں محکمہ اریگیشن پٹ فیڈر سمیت دیگر نہروں کی صفائی ٹوٹ پھوٹ کناروں اور پشتوں کو جلد تعمیر کر کے خریف فصل کو تباہی سے بچایا جائے گا سیلاب کی تباہ کاریوں سے عوام کو جو نقصانات پہنچے ہیں ان کے ازالے کے لیے سروے جاری ہے سیلاب متاثرہ عوام صبر و تحمل سے کام لیں حکومت اور مختلف این جی اوز کی جانب سے روزانہ کی بنیادوں پر سیلاب متاثرین کو ریلیف مل رہا ہے اپنے علاقے کے عوام کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے پورے نصیر آباد ڈویژن سیلاب زدہ قرار دے چکا ہے حکومت تباہ شدہ اضلاع میں سیلاب متاثرین کو ریلیف فراہم کرنے کا کام مزید تیز کر دیا گیا بیان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ سیلاب متاثرین صبر و تحمل سے کام لیں کیونکہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے صبر و تحمل کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے حالیہ تباہ کن بارشوں کے دوران ہم اپنے متاثر عوام کے درمیان رہ کر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں اب بھی عوام کے ساتھ اس مصیبت کی گھڑی میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ سیلاب نے عوام سمیت زندگی کو متاثر کر رکھا ہے دوسری جانب محکمہ اریگیشن پر بھی سیلاب شبت اثرات مرتب ہونے سے نہروں کی پشتوں کو نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ نہروں میں ریت اور مٹی بھرنے سے آبادی کے لیے پانی چھوڑنا بھی مشکل ہو گیا محکمہ اریگیشن نے پٹ فیڈر سمیت صوبے کے تمام نہروں کو قابل استعمال بنانے کے ہنگامی بنیادوں پر تیزی سے کام شروع کر رکھی ہے تاکہ خریف فصل کو تباہی سے بچایا جائے انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں نصیر آباد ڈویژن کے تمام فلڈ ایریاز میں انتظامیہ اور فوج نے عوام کو جانی اور مالی نقصان سے بچانے کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 SEP 2022 Page No. 4


# لاپتہ شہری آج بازیاب نہ ہوا تو ایجنسیز کے ذمہ داروں کیخلاف کارروائی ہوگی، اسلام آباد ہائیکورٹ

**آئی جی صاحب ناقابل برداشت ہے، شہری عدالت کے دائرہ اختیار سے اٹھایا گیا، تمام سیکٹر کمانڈر اور چیف کمشنر تلاش کریں**

**عدم بازیابی پر آئی ایس آئی، ملٹری انٹیلی جنس، آئی بی سپیشل برانچ کے سیکٹر کمانڈر پیش ہوں، جسٹس اطہر، سماعت صبح 11.30 تک ملتوی**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے لاپتہ شہری کیس کی بازیابی کیلئے آئی جی اسلام آباد اکبر ناصر خان کو آج تک کی مہلت دے دی۔ تفصیلات کے مطابق ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے لاپتہ شہری حبیب حمزہ کی بازیابی کیلئے...... بقیہ نمبر10 صفحہ 9 پر

دائر درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت ہائی کورٹ نے آئی جی اسلام آباد کو 2 بجے طلب کیا، درخواست گزار ذوالفقار کے وکیل نے کہا 22 اگست کو گھر سے درخواست گزار کے بیٹے کو اٹھایا گیا، پولیس میں ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست دی مگر کچھ نہیں ہوا، پولیس نے کہا ہمارے پاس نہیں ایجنسیوں کے پاس ہے، سماعت میں وقفے کے بعد آئی جی اسلام آباد اکبر ناصر خان عدالت میں پیش ہوئے اور کہا کیس میں ایک ایف آئی آر درج ہوئی، چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیئے آئی جی صاحب ناقابل برداشت ہے، شہری عدالت کے دائرہ اختیار سے اٹھایا گیا، تمام سیکٹر کمانڈر اور چیف کمشنر سب کیساتھ تلاش کریں اگر آپ تلاش نہیں کرتے تو سب کیخلاف کارروائی ہوگی اگر شہری نہیں ملتا تو آج صبح 10 بجے آپ، چیف کمشنر پیش ہوں اگر شہری بازیاب نہ ہو تو آئی ایس آئی، ملٹری انٹیلی جنس، آئی بی، سپیشل برانچ کے سیکٹر کمانڈر پیش ہوں، چیف جسٹس نے کہا آپ کے پاس بہترین انٹیلی جنس ایجنسی ہے اگر وہ ناکام ہوتے ہیں تو عدالت کارروائی کرے گی، کوئی وجہ نہیں ریاست شہری کو ٹریس نہیں کر سکتی اگر آپ آج تک شہری کو پیش نہ کر سکے تو سب کیخلاف کارروائی ہوگی، ایم آئی، آئی ایس آئی، آئی بی سب پیش ہو کر ریاست کی ناکامی کی وضاحت کریں گے، اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہری حبیب کو بازیاب کرانے کیلئے آج صبح ساڑھے 11 بجے تک کی مہلت دیدی۔

# متاثرین کو امدادی سامان کی فراہمی یقینی بنائی جائے، بلوچستان ہائیکورٹ

**نصیر آباد، جعفر آباد سمیت متاثرہ اضلاع میں متاثرین کو امدادی سامان فراہم کیا جائے**

**آئندہ سماعت پر سیکرٹری صحت اور ڈی جی پی ڈی ایم اے پیش ہوں، عدالت عالیہ**

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس نعیم اختر افغان اور جناب جسٹس سردار احمد حلیمی نے نصیر آباد میں سیلابی صورتحال...... بقیہ نمبر31 صفحہ 9 پر

کے بعد امدادی سرگرمیوں سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کے دوران محکمہ صحت، اریگیشن سمیت دیگر اداروں کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ نصیر آباد، جعفر آباد سمیت دیگر اضلاع میں متاثرین کو امدادی سامان کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ گزشتہ روز سینئر قانون دان راحب بلیدی ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر آئینی درخواست کے دوران درخواست گزار نے عدالت کے بنچ کو بتایا کہ نصیر آباد میں سیلاب کے بعد امدادی سرگرمیاں انتہائی سست روی کا شکار ہیں بلکہ سیلاب کے بعد اب لوگ وبائی امراض سے بھی مر رہے ہیں جس پر عدالت نے عدالت نے سیکرٹری صحت، سیکرٹری اریگیشن اور ڈی جی پی ڈی ایم اے کو طلب کرتے ہوئے کچھ دیر کیلئے سماعت ملتوی کر دی دوبارہ سماعت شروع ہوئی تو ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل ظہور بلوچ نے بنچ کو بتایا کہ ڈی جی پی ڈی ایم اور سیکرٹری صحت شہر سے باہر ہیں اس موقع پر عدالت نے سیکرٹری صحت اور ڈی جی پی ڈی ایم اے کے پیش نہ ہونے پر اظہار برہمی کیا اور ہدایت کی کہ آئندہ سماعت پر سیکرٹری اور ڈی جی پی ڈی ایم خود پیش ہوں یا پھر بہ امر مجبوری کسی متعلقہ ذمہ دار افسر کو بھیجا جائے، بنچ نے ہدایت کی کہ نصیر آباد، جعفر آباد سمیت متاثرہ اضلاع میں متاثرین کو امدادی سامان فراہم کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 SEP 2022 Page No. 40


## بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کی صورتحال مثالی ہے، چیف سیکرٹری

**حکومت اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، قومی اقلیتی کمیشن کے سربراہ سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے قومی اقلیتی کمیشن کے سربراہ چیلا رام کیولانی کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، سماجی و معاشی بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت صوبہ میں مذہبی ہم آہنگی کے فروغ، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ ان کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اقلیتی امور کا علیحدہ محکمہ قائم کر کے اقلیتوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے ایک موثر پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کا صوبے کی تعمیر و ترقی میں ہمیشہ نمایاں کردار رہا ہے، بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کی صورتحال مثالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کی تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کر رہی ہیں، موجودہ حکومت اقلیتوں کی سماجی و معاشی ترقی کیلئے بلا تخصیص اقدامات اٹھا رہی ہے۔ سرکاری ملازمتوں میں اقلیتوں کیلئے مختص 5 فیصد کوٹہ پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا ہے اور صوبے کے مختلف کالجز میں داخلہ کے لیے بھی اقلیتوں کے کوٹہ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر قومی اقلیتی کمیشن کے وفد نے اقلیتوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے اٹھائے گئے بلوچستان حکومت کے اقدامات کو سراہا۔

## سول سیکرٹریٹ کے تمام بلاکس میں خواتین کیلئے علیحدہ بیت الخلا بنانے کی ہدایت

**چیف سیکرٹری سے بلوچستان اسٹیٹس فار وومن کی چیئرپرسن کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان نے سول سیکرٹریٹ کے تمام بلاکس میں خواتین کے لئے علیحدہ بیت الخلاء بنانے کی ہدایت کر دی۔ بلوچستان اسٹیٹس فار وومن کی چیئرپرسن فوزیہ شاہین نے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے ملاقات کی اور انہیں بلوچستان میں خواتین کو درپیش مسائل کے حوالے سے آگاہ کیا انہوں نے چیف سیکرٹری کی توجہ سول سیکرٹریٹ سمیت دیگر دفاتر میں خواتین کے لئے بیت الخلاء سمیت دیگر سہولیات کی جانب مبذول کروائی جس پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے بلوچستان سول سیکرٹریٹ کے تمام بلاکس میں خواتین کے لئے علیحدہ بیت الخلاء بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام بلاکس میں ایک ہفتے کے اندر بیت الخلاء بنائے جائیں جس پر فوزیہ شاہین نے چیف سیکرٹری کا شکریہ ادا کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## اقلیتوں کی سماجی و معاشی ترقی کیلئے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، چیف سیکرٹری

**حکومت صوبہ میں مذہبی ہم آہنگی کے فروغ، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ ان کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دے رہی ہے**

**اقلیتوں کا صوبے کی تعمیر و ترقی میں ہمیشہ نمایاں کردار رہا ہے بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کی صورتحال مثالی ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے قومی اقلیتی کمیشن کے سربراہ چیلا رام کیولانی کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، سماجی و معاشی بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت صوبہ میں مذہبی ہم آہنگی کے فروغ...... بقیہ نمبر 17 صفحہ 10 پر

اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ ان کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اقلیتی امور کا علیحدہ محکمہ قائم کر کے اقلیتوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے ایک موثر پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کا صوبے کی تعمیر و ترقی میں ہمیشہ نمایاں کردار رہا ہے بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کی صورتحال مثالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کی تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کر رہی ہیں۔ موجودہ حکومت اقلیتوں کی سماجی و معاشی ترقی کیلئے بلا تخصیص اقدامات اٹھا رہی ہے۔ سرکاری ملازمتوں میں اقلیتوں کیلئے مختص 5 فیصد کوٹہ پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا ہے اور صوبے کے مختلف کالجز میں داخلہ کے لیے بھی اقلیتوں کے کوٹہ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر قومی اقلیتی کمیشن کے وفد نے اقلیتوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے اٹھائے گئے بلوچستان حکومت کے اقدامات کو سراہا۔

## صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق سید اسداللہ کا...... بقیہ نمبر 25 صفحہ 10 پر

تبادلہ کر کے انہیں اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل، عمران خان کو اسپیشل مجسٹریٹ کوئٹہ، صوبان سلیم دشتی کو اسسٹنٹ کمشنر واشک، اجمل خان کا تبادلہ کر کے انہیں سیکشن آفیسر فنانس اینڈ کونسل ڈیولپمنٹ تعینات کر دیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 2 Dated: 14 SEP 2022 Page No. 7


سیکریٹری پی ٹی اے

## گرین بس سروس جلد شروع کریں گے

ابتدائی مرحلے میں سریاب اور بلیلی روڈ پر 8 گرین بسیں چلائی جائیں گی، ٹرانسپورٹرز کیساتھ بات چیت کا سلسلہ جاری، کم کرایہ وصول کرینگے، ظفر اقبال کبدانی

طلبا و طالبات اور معذوروں کو کرایوں میں 50 فیصد تک رعایت دینگے، ایئر کنڈیشنڈ بسیں ہوں گی، عوام کو بہتر اور آرام دہ سفر کی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں''92 نیوز'' سے گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں بہت جلد گرین بس سروس شروع کریں گے، بات چیت جاری ہے، سیکریٹری پی ٹی اے تفصیلات کے مطابق سیکریٹری پراونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ظفر اقبال کبدانی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو بہتر سفری سہولتیں فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں، شہریوں کی ضروریات کے پیش نظر کوئٹہ میں بہت جلد ''گرین بس سروس'' شروع کریں گے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو روزنامہ 92 نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ سیکریٹری پراونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ظفر اقبال کبدانی نے مزید کہا کہ منصوبے کے تحت ابتدائی مرحلے میں سریاب روڈ اور بلیلی روٹ پر 8 گرین بسیں چلائی جائیں گی، اس ضمن میں کاغذی کارروائی مکمل کر لی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہتر اور آرام دہ سفر کی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے ادارہ کوشاں ہے مگر بلوچستان میں قبائلی و سیاسی مسائل کی وجہ سے مشکلات درپیش ہیں، ٹرانسپورٹرز کیساتھ بات چیت کا سلسلہ جاری ہے اور بہت جلد معاملات حل کر کے ان بسوں کو سڑکوں پر لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اچھی بسیں چلائیں تاکہ لوگوں کو سفر میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے، گرین بسوں میں لوگوں سے کم کرایہ وصول کیا جائے گا جبکہ طلبا و طالبات اور معذور افراد کو کرایوں میں مزید پچاس فیصد تک رعایت دی جائے گی، انہوں نے کہا کہ یہ جدید طرز کی بسیں ہیں جن میں ایئر کنڈیشن کی سہولت موجود ہے، بسوں میں خواتین کیلئے الگ کیبن مختص کیا گیا ہے اور معذوروں کیلئے بھی سیٹیں مختص کی گئی ہیں۔ محکمہ ٹرانسپورٹ اتھارٹی صوبے کے عوام کو بہتر سفری سہولتیں فراہم کرنے کیلئے تمام تر اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس میں ہمیں عوام خصوصاً ڈرائیوروں کے تعاون کی ضرورت ہے وہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں تاکہ خود بھی محفوظ ہوں اور دیگر لوگوں کا تحفظ بھی یقینی بنایا جاسکے۔

## پاک فوج ایف سی نے گوٹھ سخی ڈر محمد کھوسہ کے قریب خیمہ بستی قائم کر دی

3300 لوگوں کیلئے مفت کھانا سمیت میڈیکل کیمپ، مسجد، اسکول، واش روم، باتھ روم، صاف پانی، خواتین کے لئے ڈلیوری روم کی سہولتیں موجود

سیکیورٹی اہلکار امدادی کارروائیوں میں مصروف، سیلاب متاثرین کا فوج، ایف سی کا مشکل حالات میں مدد کرنے اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر اظہار تشکر

ماجھی پور (این این آئی) ایف سی بلوچستان اور پاک آرمی کی جانب سے گوٹھ سخی ڈر محمد کھوسہ کے قریب خیمہ بستی قائم کر دی، ہزاروں سیلاب متاثرین رہائش پذیر ہیں، متاثرین کو ہر ممکن سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں، 53 ونگ سوئی رائفلز کے لیفٹیننٹ کرنل عامر شہزاد خان اور میجر بلال خان کی خصوصی ہدایت پر خیمہ بستی قائم کر دی گئی جن کی نگرانی پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے جوان کر رہے ہیں۔ خیمہ بستی میں 3300 کے قریب لوگ رہائش پذیر ہیں، معصوم بچے، بوڑھے خواتین محفوظ ہیں۔ متاثرین کو مفت کھانا بھی دیا جا رہا ہے۔ وہیں خیمہ بستی میں مفت میڈیکل کیمپ، مسجد، اسکول، خواتین کے لئے ڈلیوری روم، واش روم، باتھ روم صاف پانی کی سہولتیں موجود ہیں، اس کے علاوہ سولر پلیٹیں، پنکھے بھی فراہم کر دیئے گئے تاکہ سیلاب متاثرین کو کسی قسم کی تکلیف و مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایف سی بلوچستان اور پاک فوج ہر مشکل گھڑی میں عوام کے ساتھ ہے اور حالیہ بارشوں اور سیلاب سے متاثر ہونے والے متاثرین کی بغیر کسی لالچ خدمت کر رہا ہے اور سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کو ریسکیو کیا جا رہا ہے، پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے جوان امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں، حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے ضلع صحبت پور مکمل ڈوب چکا ہے۔ ایف سی بلوچستان اور پاک فوج ہنگامی بنیادوں پر متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں تاکہ متاثرین کو بہتر سے بہتر ریلیف و سہولتیں مل سکیں خیمہ بستی میں رہائش پذیر سیلاب متاثرین نے پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کا مشکل حالات میں مدد کرنے کا اور ہر سہولت فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 14 SEP 2022 Page No. 13


# پسنی تاجر مراد جان کے اغواء کیخلاف شہریوں نے مکران کوسٹل ہائی وے بند کردی

خواتین سمیت لوگوں کی بڑی تعداد میں زیرو پوائنٹ کے مقام پر دھرنا، ٹریفک معطل، گاڑیوں کی طویل قطاریں، کراچی مکران رابطہ منقطع

انجمن تاجران، حق دو تحریک سمیت کاروباری شخصیات کا اظہار یکجہتی، پولیس کے مذاکرات، مغوی کی بازیابی کیلئے 24 گھنٹے کی مہلت مانگ لی

پسنی (بیورو رپورٹ/نامہ نگار) پسنی کے کاروباری شخصیت مراد جان عثمان کے اغواء کے خلاف شہریوں نے مکران کوسٹل ہائی وے کو پسنی زیرو پوائنٹ کے مقام پر بلاک کردی، خواتین سمیت لوگوں کی بڑی تعداد میں کوسٹل ہائی... پر دھرنا، مکران کوسٹل ہائی وے ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کردی گئی، جس سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں گوادر سمیت تربت، کراچی کا مکران سے زمینی رابطہ منقطع

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

ہو گیا، حق دو تحریک کی دھرنے کی حمایت کا اعلان اور کارکنوں کی شرکت، اگر مراد جان عثمان کو رہا نہیں کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ کار وسیع کریں گے، حق دو تحریک کے بانی مولانا ہدایت الرحمان کا اعلان، ایس پی سیکورٹی گوادر فہد کھوسہ کے مظاہرین سے مذاکرات اور مغوی کی بازیابی کیلئے 24 گھنٹے کی مہلت مانگ لی، مظاہرین نے چوبیس گھنٹے کے لیے دھرنا مؤخر کردیا تفصیلات کے مطابق ضلع گوادر کے کاروباری شخصیت مراد جان عثمان جسے پیر کی شام کو ہیرشور وارڈ نمبر 1 میں اس کے گھر کے سامنے سے نامعلوم مسلح افراد نے اغواء کرلیا تھا جس کے باعث انکی بازیابی کے لیے لواحقین اور پسنی کے شہریوں نے منگل کی صبح مکران کوسٹل ہائی وے کو پسنی زیرو پوائنٹ کے مقام پر دھرنا دیکر بلاک کردیا، جس سے ٹریفک مکمل طور معطل رہی اور گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں گوادر، تربت، جیونی سمیت مکران کا زمینی رابطہ کراچی اور دوسرے شہروں سے منقطع ہوگیا اور مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا رہا جبکہ دوسری جانب مظاہرین سے اظہار یکجہتی کے لیے پسنی انجمن تاجران، حق دو تحریک گوادر کے سربراہان سمیت کاروباری شخصیات اور دیگر طبقات فکر کے لوگوں نے شرکت کی اس موقع پر دھرنے میں موجود شرکاء نے مراد عثمان کی اغواء کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پسنی میں مسلح افراد دن دیہاڑے لوگوں کے گھروں میں داخل ہوکر انھیں اغواء کررہے ہیں جوکہ پسنی کے امن وامان کو سبوتاژ کرنے کی ایک سازش ہے مظاہرین نے کہا کہ پسنی جو ایک پرامن علاقہ ہے اور علاقے میں لوگوں کو اغواء کرنا علاقے کی امن وامان کو خراب کرنے کی ایک سازش ہے اور ایسے سازشوں کو پسنی کے عوام کبھی بھی کامیاب ہونے نہیں دینگے۔ حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمان نے مراد جان عثمان کی بزور بندوق اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حق دو تحریک کے کارکنوں کو دھرنا گاہ پہنچنے کی تاکید کی جس پر حق دو تحریک کے ضلعی رہنما حسین واڈیلا سمیت دیگر کارکنان دھرنا گاہ پہنچ گئے

# حب، سرکاری افسران کے نام پر فون پر پیسہ بٹورنے والا گروہ سرگرم

نوسر باز خود کو اعلیٰ انتظامیہ کے اہلکار بنا کر تاجروں اور کمپنیوں سے پیسے مانگ رہے ہیں

پیسہ ایزی اکاؤنٹ میں بھیجنے کا مطالبہ کرتے ہیں، مقامی حکام نے گروہ کی تصدیق کردی

حب (نمائندہ انتخاب) سرکاری افسران کے نام پر فون کال پر پیسے بٹورنے والا نوسر باز گروہ سرگرم ہو گیا مختلف مالیاتی اداروں اور تاجروں کو فون کر کے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ اور اسسٹنٹ کمشنر حب کے نام پر رقم موبائل کیش اکاؤنٹ اور ایزی پیسہ اکاؤنٹ میں رقم بھجوانے کا مطالبہ اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ بعض نجی مالیاتی اداروں اور تاجروں کی طرف سے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

اور اسسٹنٹ کمشنر آفس کرکے اس بات کی تصدیق کرنا چاہی کہ انہیں مختلف موبائل فون نمبرز سے کالز موصول ہورہی ہیں کہ وہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ اور اسسٹنٹ کمشنر حب کے نام پر رقم ایزی پیسہ موبائل کیش اکاؤنٹ اور ایزی لوڈ کیش پر بھجوائی جائے اور پھر قم آپ لوگ مذکورہ انتظامی افسران کے دفتر آکر وصول کرسکتے ہیں جس پر نہ صرف مذکورہ انتظامی افسران نے اس معاملے کی سختی سے تردید کردی اور اس طرح کی فون کالز کرنے والوں کو کوئی رقم نہ بھجوانے اور فون کال کرنے والے نوسر بازوں کے خلاف قریبی پولیس تھانے میں شکایت درج کرنے کی ہدایات بھی دیں بلکہ مذکورہ افسران کی طرف سے سوشل میڈیا پر وضاحتی بیان بھی وائرل کیا گیا ہے ذرائع بتاتے ہیں کہ یہ ایک نوسر باز گروہ ہے جو کہ خود کو اعلیٰ سرکاری افسران ظاہر کرکے لوگوں کو فون کرتا ہے کہ رقم ایزی کیش اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کی جائے ذرائع کے مطابق لوگوں کو موصول ہونے والی فون کالز کا سراغ لگایا جارہا ہے۔

# تربت، مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

تربت (نمائندہ انتخاب) تربت کے نواحی علاقہ میری میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے شے حق ولد حیدر قوم بلوچ سکنہ میری جاں بحق، پولیس ذرائع کے مطابق مسلح موٹر سائیکل سواروں نے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش میں مزاحمت پر ان

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

پر فائر کرکے اسے قتل کردیا اور فرار ہو گئے۔

# پنجگور بچے سے زیادتی کا ملزم گرفتار

پنجگور (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر پنجگور رحیم تجکی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گوارگو اسداللہ نگرانی میں رسالدار میجر صابر علی تجکی تحصیلدار آغا ظفر محرر لیویز عبدالغفار نے لیویز ملازم یونس عرف ... کو گرفتار کر کے پولیس کے حوالہ کیا لیویز ملازم پر بچے پر زیادتی کی الزام تھا اور اس حوالہ پہ پولیس لیویز تفتیش کررہا ڈپٹی کمشنر پنجگور

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

نے لیویز ملازم کو نوکری سے معطل بھی کرلیا ہے۔

# حب ندی سے ایک شخص نعش برآمد

حب (نمائندہ انتخاب) حب ندی سے ایک شخص نعش برآمد قریبی اسپتال منتقل کردیا گیا اس حوالے سے ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک اطلاع ملنے پر منگل کے روز ایدھی رضاکاروں نے ریس گوٹھ کے قریب

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

حب ندی سے ایک 41 سالہ طاہر علی ولد رشید نامی شخص کی نعش برآمد کرکے قریبی اسپتال منتقل کی ہے۔

# حب، مسافر بسوں کو لوٹنے والے دو افراد گرفتار

حب (نمائندہ انتخاب) گڈانی پولیس کی بروقت کاروائی کراچی سے مکران تمپ جانے والی مسافر بردار کوچ میں لوٹ مار کرنے والے دو ملزمان گرفتار، مسافروں اور کوچ ڈرائیور سے چھینی گئی رقم اور لوٹ مار کی وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ و گاڑی

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

برآمد مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ کراچی سے مکران تمپ جانیوالی مسافر بردار کوچ میں لوٹ مار کی واردات کی اطلاع ملنے پر SHO گڈانی شیزار علی بھٹو نے دیگر پولیس نفری کے ہمراہ بروقت کاروائی کرتے ہوئے لوٹ مار کی واردات میں ملوث گروہ کے دو کارندے طارق علی سکنہ بولان اور محمد عظیم سکنہ کشمور سندھ کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مسافروں سے چھینی گئی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 14 SEP 2022 Page No. 14


## خضدار، لیویز فورس کی کامیاب کارروائی، لڑکیوں کے اغواء میں ملوث ملزمان گرفتار

**ملزموں کا تعلق پنجاب سے لڑکیاں اغوا اور خرید وفروخت کرنے والے گروہ سے ہے، ڈی سی میجر (ر) الیاس کبزئی، لیویز جوانوں کیلئے انعام اور تعارفی اسناد کا اعلان**

